**16-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

----------------------------------

Music

----------------------------------

1. وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ حکومت دہشت گردوں کیخلاف اختراعی طریقوں سے کارروائی کا عزم کئے ہوئے ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر میں سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔
2. وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ اگر NTA کا کوئی افسر اس سال کے NEET امتحان کے انعقاد میں بدعنوانی کا مرتکب پایا گیا تو اسے بخشا نہیں جائے گا۔
3. نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے، پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں پریرنا اِستھل کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اسے تحریک دینے والا اور روحانی مقام قرار دیا۔
4. بھارت نے کہا ہے کہ یوکرین میں امن سے متعلق سربراہ کانفرنس میں اُس کی شرکت مذاکرات اور سفارت کے ذریعہ تنازع کے ایک پرامن حل میں سہولت پیدا کرنے کے مستقل طریقہ کار کے مطابق ہے۔
5 بھارت اور کمبوڈیا کے درمیان پہلی راست پرواز شروع کردی گئی ہے۔
6. اور : تیر اندازی میں انکتا بھکت اور بھجن کور نے پیرس اولمپک کیلئے انفراد طور پر جگہ بنالی ہے، وہ ترکی کے شہر انطالیہ میں کوالیفائر کے کوارٹر فائنل میں داخل ہوگئی ہیں۔

----------------------------------

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Shah=Amarnath Yatra**

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا ہے کہ نریندر مودی حکومت، اختراعی طریقوں سے، دہشت گردوں کیخلاف کارروائی کرکے ایک مثال قائم کرنے کا عہد کئے ہوئے ہے۔ نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے، انہوں نے سبھی حفاظتی ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ ایک مشن کے انداز میں کام کریں اور تال میل کے ساتھ کی گئی فوری کارروائی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ جموں وکشمیر میں دہشت گردی کی خلاف لڑائی، اپنے

فیصلہ کُن مرحلے میں ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حالیہ واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ دہشت گردی، دہشت گردانہ تشدد کی انتہائی منظّم کارروائیوں سے کم ہوکر اب محض درپردہ لڑائی میں بدل گئی ہے۔

وزیر داخلہ نے حفاظتی ایجنسیوں کے مابین ایسے بلارُکاوٹ تال میل پر زور دیا، جس میں حساس علاقوں کی نشاندہی کی جائے اور اِن علاقوں میں سلامتی سے متعلق تشویش کو دور کیا جائے۔

دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہ کرنے والی پالیسی کو دُہراتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ حکومت، جموں وکشمیر سے دہشت گردی کو اُکھاڑ پھینکنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھے گی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وادی کشمیر میں حکومت کی کوششوں کے، زبردست نتائج برآمد ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے دہشت گردی کے واقعات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وقانون کی صورتحال، وادی میں دہشت گردوں کی آمد میں کمی سے ظاہر ہوتی ہے۔

جناب شاہ نے سلامتی ایجنسیوں اور جموں وکشمیر انتظامیہ کو، لوک سبھا انتخابات کے کامیاب انعقاد پر سراہا، جن میں جموں وکشمیر میں لوگوں نے ریکارڈ تعداد میں ووٹ ڈالے۔

جناب شاہ نے میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر کی سلامتی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا۔ سالانہ امرناتھ یاترا اس مہینے کی 29 تاریخ سے شروع ہوگی اور یہ 19 اگست تک جاری رہے گی۔

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، مرکزی داخلہ سکریٹری اجے بھلّہ، انٹیلیجنس بیورو کے ڈائریکٹر اور فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے اور فوج کے نامزد سربراہ جنرل اُپیندر دویویدی، مرکزی مسلح پولیس فورسز کے ڈائریکٹر، چیف سکریٹری، جموں وکشمیر کے DGP اور دیگر سینئر افسران نے میٹنگ میں شرکت کی۔×

## NEET-Pradhan

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا ہے کہ اگر امتحانات منعقد کرانے والی ایجنسی NTA کے افسران، اس سال کے قومی اہلیت و داخلہ ٹیسٹ NEET کے انعقاد میں بدعنوانیوں کے قصوروار پائے گئے، تو انہیں ہرگز بخشا نہیں جائے گا۔اُڈیشہ میں سمبل پور کے مقام پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دو جگہوں پر کچھ بدعنوانیاں سامنے آئی ہیں۔ حکومت کو اس سلسلے میں تشویش ہے اور کسی قصوروار کو بخشا نہیں جائے گا۔

طلباء اور والدین کو یقین دلاتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ سپریم کورٹ کی سفارش پر ایک ہزار 563 امیدواروں کا دوبارہ امتحان لینے کا حکم جاری کیا گیا ہے۔ تعلیم کے مرکزی وزیر نے کہا کہ البتہ NTA میں بہتری لائے جانے کی کافی ضرورت ہے۔

Byte: Dharmendra Pradhan

## VP Prerna Sthal

نائب صدر اور راجیہ سبھا کے صدرنشیں جگدیپ دھنکھڑ نے آج شام پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں نو تعمیر شدہ پریرنا استھل کا افتتاح کیا۔ پریرنا استھل کو اِس انداز سے بنایا گیا ہے کہ پارلیمنٹ کمپلیکس میں آنے والے افراد ایک

ہی جگہ سے عظیم رہنماؤں اور مجاہدین آزادی کے مجسّموں کو باآسانی دیکھ سکیں گے۔ یہاں آنے والے لوگوں کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ان مجاہدین آزادی کی زندگی اور خدمات سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کرنے کے بھی انتظامات کئے جارہے ہیں۔ پریرنا اسٹھل کا افتتاح کرنے کے بعد نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ یہ مقام حوصلہ بخشنے والا ہے۔ لوک سبھا کے سابق اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ پریرنا اسٹھل آنے والی نسلوں کو حوصلہ بخشتا رہے گا۔راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نارائن سنگھ، مرکزی وزراء کرن رجیجو، اشونی ویشنو، ارجن رام میگھوال اور ایل مروگن بھی اس موقع پر موجود تھے۔ انھوں نے عظیم رہنماؤں اور مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

## Sikkim Evacuation

سیلاب سے متاثرہ سکم میں بچاؤ اور امدادی کارروائیاں خاص طور سے سب سے زیادہ متاثرہ ضلع Mangan میں زور وشور سے جاری ہیں۔ ریاست کے جنگلات اور ماحولیات کے وزیر Pintso Namgyal Lepcha نے ضلع انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ضلع کے Lower Jhushing اور Ralak Wards کے تحت سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ تقریباً دس کنبوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ اتوار کو پندرہ غیرملکی شہریوں سمیت تقریباً دو ہزار سیاحوں کو نکالنے کی کوشش کی گئی تھی جو Mangan ضلع میں Lachung اور Chungthang میں پھنس گئے ہیں۔ البتہ، خراب موسم اور مٹی کے تودے گرنے کے سبب سڑکیں بند ہوجانے کی وجہ سے اُنھیں نہیں نکالا جاسکا۔Mangan ضلع کے کلکٹر Hem Kumar Chettri نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ پھنسے ہوئے سبھی سیاحوں کو ہوٹلوں میں بحفاظت ٹھہرایا گیا ہے کیونکہ خراب موسم اور بہت سے مقامات پر سڑکیں بند ہوجانے کی وجہ سے فی الحال اُنھیں نکالنا ناممکن ہے۔ ریاست میں موسلادھار بارش اور مٹی کے تودے گرنے کے سبب اب تک 9 افراد کی جانیں جاچکی ہیں۔ مہلوکین کے قریبی رشتے داروں کو متعلقہ علاقے کے لیجسلیٹرس کے توسط سے چار-چار لاکھ روپئے کی نقد امداد دی گئی ہے۔x

## Manipur- Governor

منی پور کی گورنر محترمہ انوسوئیا Uikey نے آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی اور اُن سے بے گھر افراد کو، اُن کی متعلقہ جگہوں پر بازآباد کرنے کیلئے فوری کارروائی کی درخواست کی۔ ملاقات کے دوران گورنر نے صدر جمہوریہ کو حالیہ سیلاب کے بارے میں بتایا، جس کی وجہ سے منی پور میں دہشت پھیلی ہوئی ہے۔ گورنر نے صدر جمہوریہ کو ریاستی اور مرکزی ایجنسیوں کی طرف سے جاری، راحت وبچاؤ کاموں سے بھی واقف کرایا۔ انہوں نے منی پور میں مختلف راحت کیمپوں میں اندرونی علاقوں میں بے گھر افراد کو درپیش پریشانیوں کی بھی جانکاری دی۔محترمہ انوسوئیا Uikey نے صدر جمہوریہ سے ریاست میں بے گھر افراد کو مالی مدد فراہم کرنے کی بھی درخواست کی۔منی پور گورنر نے مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن سے بھی ملاقات کی اور منی پور کو مالی مدد فراہم کرنے کی درخواست کی۔x

## Hardeep Puri- Congress

پیٹرولیم وقدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آج، کرناٹک میں ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے کانگریس پارٹی پر نکتہ چینی کی ہے۔ ریاست میں ایندھن کی قیمتوں میں ریاستی سرکار کی طرف سے 15 جون کو پیٹرول و ڈیزل پر سیلس ٹیکس میں اضافے کے بعد تین روپے کا اضافہ ہوگیا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ ہر کنبے کی ایک خاتون کو ساڑھے آٹھ ہزار روپے ماہانہ دیئے جانے کے وعدے کو پورا کرنے کے بجائے کانگریس کی حکمرانی والی کرناٹک سرکار نے ریاست کے عوام پر بوجھ ڈال دیا ہے۔وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ اس طرح کے فیصلے سے کانگریس کا دُہرا رویہ ظاہر ہوگیا ہے، جو افراط زَر کی بات کرتی ہے، لیکن BJP کی حکمرانی والی ریاستوں کے مقابلے 8 روپے فی لیٹر سے 12 روپے فی لیٹر کا اضافی ویٹ لاگو کردیتی ہے۔x

## Haryana Yojana

ہریانہ سرکار Van Mitra Yojana کے تحت جلد ہی Van Mitra کی تقرری کرے گی، جنھیں پودوں کی دیکھ ریکھ کیلئے اعزازیہ ادا کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نائب سنگھ نے آج چنڈی گڑھ میں جنگلات اور جنگلی جانوروں کے محکمے کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کے بعد یہ اعلان کیا۔ انھوں نے کہا کہ افسروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ڈرونز کے ذریعے جنگلاتی علاقے میں اُن پودوں کی لگاتار نقشہ بندی کریں جو پہلے سے موجود ہیں اور جو شجرکاری مہم کے تحت ہر سال لگائے جائیں گے۔x

## CBIC Fraud Campaign

بالواسطہ ٹیکسوں اور کسٹمز کے مرکزی بورڈ CBIC نے ملک میں مالی دھوکہ دہی کے واقعات میں اضافے سے نمٹنے کیلئے ایک کثیر رخی بیداری مہم شروع کی ہے۔مہم کے تحت عام لوگوں کو اس طرح کی مالی دھوکہ دہی سے بچانے کیلئے اُنھیں باخبر کیا جارہا ہے۔ CBIC نے کہا ہے کہ ایسے مختلف واقعات سامنے آئے ہیں جس میں دھوکے باز شخص نے خود کو کسٹم کا عہدیدار بتاکر لوگوں کو دھوکہ دیا ہے۔ اس طرح کی دھوکہ دہی کی کارروائی عام طور سے فون کالز یا SMS جیسے ڈیجیٹل ذرائع کا استعمال کرکے کی جاتی ہے اور اُنھیں سزا کی فوری کارروائی کا ڈر پیدا کرکے اُن سے رقم وصولی کی جاتی ہے۔x

## Prez Id-Ul-Azha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انھوں نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کا مقدس تہوار تزکیہ نفس اور قربانی کی علامت ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار محبت، بھائی چارہ اور سماجی ہم آہنگی کا پیغام دیتا ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ یہ تہوار بنی نوع انسان کیلئے بے لوث خدمت کرنے کا حوصلہ فراہم کرتا ہے۔x

## MIFF

ڈاکومینٹر، مختصر کہانی اور انیمیشن فلموں پر 18 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول میں ڈاکومینٹری فلم سازی میں Beyond The Lens Funding and Monetisation کے موضوع پر ایک مذاکرے کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن میں جموں وکشمیر کے شعبے اطلاعات اور تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر جتن کشور Mubi کے ایشیاء پیسیفک خطے کے پروگرامنگ ڈائریکٹر Svetlana Naudiyal ودیگر نے دستاویزی فلم سازی میں مالی اعانت اور منافع کیلئے جدید طریقوں کی تلاش پر اظہار خیال کیا۔ اس میں فلم سازوں کو اپنی کہانیوں کو زندہ جاوید بنانے کیلئے قابل قدر نظریات پیش کئے گئے۔ ایک دیگر مذاکرے کے حصے طور پر تفریحی شعبے کی قانونی ماہر انامیکا جھا نے کہا کہ بھارت میں اختراعی فلم سازی اور اس پر اپنا اختیار درج کرانے کی اہمیت کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ پینل میں برطانیہ میں مقیم فلمی نقاد نمن راما چندرن بھی موجود تھے، جنہوں نے بھارت و دیگر ممالک میں Animation بازار میں توسیع کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کیا۔x

## India-Ukraine

بھارت نے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعہ روس-یوکرین تنازع کے پائیدار اور پرامن تصفیئے پر زور دیا ہے۔ امور خارجہ کی وزارت کے سکریٹری (ویسٹ) Pavan کپور نے سوئٹزر لینڈ کے Burgenstock میں، یوکرین میں امن کے موضوع پر منعقدہ دو روزہ سربراہ کانفرنس میں بھارت کی نمائندگی کی۔ یہ کانفرنس آج اختتام پذیر ہوگئی۔

امور خارجہ کی وزارت نے بتایا ہے کہ بھارتی وفد نے اس کانفرنس کے افتتاحی اور اختتامی اجلاسوں میں شرکت کی۔ اگرچہ نئی دلّی نے اس سربراہ کانفرنس کے کسی بھی اعلامئے یا دستاویز سے خود کو الگ رکھا۔ وزارت نے مزید کہا کہ اس کانفرنس میں اور یوکرین میں امن کے فارمولے پر، اس سے قبل ہونے والی NSA یا ڈائریکٹر سطح کی میٹنگوں میں بھارت کی شرکت اس کی، مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعہ یوکرین تنازع کے دیر پا اور پرامن تصفیئے کیلئے اپنائی گئی حکمت عملی کے مطابق ہے۔x

## India Cambodia Flight

بھارت اور کمبوڈیا کے درمیان پہلی براہِ راست پرواز آج سے شروع ہوئی ہے۔ اس کا افتتاح کمبوڈیا کے نائب وزیر اعظم Neth Savoeun اور کمبوڈیا میں بھارت کی سفیر Devyani Khobragade نے کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کمبوڈیا میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ یہ قدم سیاحت کے پہلے سال کے آغاز میں اٹھایا گیا ہے اور اِس سے سیاحت اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کو فروغ حاصل ہوگا۔ سفارتخانے نے اِسے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا اور بھارت کی مشرق نواز پالیسی کا ذکر کیا۔ دونوں ملکوں کی راجدھانیوں کے درمیان کمبوڈیا کی Cambodia Anghor Air ہفتے میں چار بار چلے گی۔x

## China Floods

چین میں موسلادھار بارش کی وجہ سے مشرقی صوبے Fujian میں 36 ہزار لوگوں کو اپنے گھر خالی کرنا پڑے ہیں۔ سیلاب کنٹرول کے صوبائی دفتر نے بتایا کہ کئی دن کی موسلادھار بارش کی وجہ سے Fujian کے کئی علاقوں میں دہشت پھیل گئی ہے، جہاں بارش کی وجہ سے سیلاب کے تیئں ہنگامی کارروائی کی جارہی ہے۔ موسلادھار بارش کے سبب 22 دریاؤں میں سیلاب آ گیا ہے۔چین کی سرکاری براڈ کاڈ ایجنسی نے بتایا ہے کہ Fujian صوبے میں مٹی کے تودے کھسک گئے، جس کی وجہ سے ٹریفک میں رکاوٹ آ گئی اور بچاؤ کارکنوں کو وہاں کے مکینوں کو اُن کی جگہوں سے ہٹانا پڑا۔×

## IMD

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ ہمالیہ کے ذیلی مغربی بنگال اور ملک کے شمال مشرقی علاقے میں اگلے چار پانچ دن تک شدید یا بہت شدید بارش ہوگی اور کہیں کہیں انتہائی درجے کی بارش ہوگی۔ IMD نے کہا کہ آسام، میگھالیہ، اروناچل پردیش اور سکم میں الگ الگ جگہوں پر 20 جون تک انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔موسم کے محکمے نے یہ پیشگوئی بھی کی ہے کہ اگلے تین دن تک شمالی بھارت کے کئی علاقوں میں گرمی یا شدید گرمی رہے گی اور اس کے بعد اس میں رفتہ رفتہ کمی آ جائے گی۔

جنوب مغربی مانسون کے بارے میں IMD نے کہا کہ مہاراشٹر، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، ساحلی آندھراپردیش، شمال مغربی خلیج بنگال، گنگائی مغربی بنگال کے کچھ علاقوں، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال کے بقیہ علاقوں اور بہار کے کچھ علاقوں میں اگلے چار پانچ دن کے دوران مانسون آ جانے کیلئے سازگار حالات ہیں۔×

## Archery

تیر اندازی میں Ankita Bhakat اور Bhajan Kaur نے آج ترکی کے Antalya میں فائنل اولمپک کوالیفائر سے خواتین کے انفرادی Recurve مقابلے میں جگہ مقرر کر لی ہے۔کوارٹر فائنل مرحلے میں پہنچ کر انھوں نے پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے جگہ بنائی۔

بھارت نے مکسڈ ٹیم مقابلے میں بھی کامیابی حاصل کی کیونکہ دھیرج Bommadevara نے مردوں کے مقابلے میں کوٹہ حاصل کرلیا۔×

## Tennis Perugia Challenger

ٹینس میں، بھارت کے Sumit Nagal آج رات اٹلی کے شہر Perugia میں ATP چیلنجر کے مردوں کے سنگلز کے فائنل میں اٹلی کے Luciano Darderi کے ساتھ مقابلہ کریں گے۔ بھارتی کھلاڑی کل سیمی فائنل میں اسپین کے Bernabe Zapata Miralles کو سات-چھ، ایک-چھ، چھ-دو سے ہرا کر فائنل میں پہنچے ہیں۔ اِس مہینے کے شروع میں جرمنی میں Heilbronn چیلنجر کے آغاز کے بعد Nagal کی یہ لگاتار نویں جیت ہے۔ اِس

دوران، مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں بھارت کے N Sriram Balaji اور جرمنی کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Andre Begemann کو ارجنٹینا کے Guido Andreozzi اور میکسیکو کے Miguel Angel Reyes-Varela سے چھ-چار، سات-پانچ سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔x

## Women Cricket

خواتین کرکٹ میں بینگلورو کے ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں تین میچوں کی ODI سیریز کے پہلے میچ میں بھارتی ٹیم نے جنوبی افریقہ کو 143 رنوں سے ہرادیا ہے۔ 266 رنوں کا تعاقب کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم 122 رنوں پر سمٹ گئی۔ Sune Luud نے سب سے زیادہ 33 رن بنائے۔ بھارت کی آشا سوبھنا نے 4 وکٹ حاصل کئے۔

اس سے پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے ہرمن پریت کور کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے 50 اوورز میں آٹھ وکٹ پر 265 رن بنائے۔ بھارت کی اسٹار کھلاڑی اسمرتی مندھانا نے 117 رن بنائے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆